# اپنے گھر میں محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے لیے وسائل حاصل کرنے کا طریقہ



جس کسی کو بھی COVID-19 ہو یا جس کسی کا بھی COVID-19 میں مبتلا کسی شخص سے رابطہ رہا ہو، ایسے افراد کو گھر میں محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے لیے وسائل مہیا کرنا NYC Test & Trace Corps یقینی بنائے گا۔ ایسا کرنے کے لیے، ہم آپ کے نواحی علاقوں میں بستیوں کی بنیاد پرموجود تنظیموں کے وسائل کے تلاش دانوں (Resource Navigators) کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ آپ کے نواحی علاقوں میں آپ کو وسائل کے ساتھ رابطہ کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

**وسائل میں شامل ہیں:**

- گھر پر ہی کھانے کی سپردگی
- آپ کے آجر سے تنخواہ کی ادائیگی کے ساتھ چھٹی
- دوائیں
- صحت کا بیمہ
- روزمرہ کی ضروریات (بجلی، پانی، گیس)
- باقاعدہ قرنطینہ کے حکم کے لیے مدد
- بنیادی دیکھ بھال کا ایک فراہم کنندہ
- ذہنی صحت کی معاونت
- گھریلو تشدد کے تدارک میں معاونت
- سماجی خدمات
- رہائش اور بے گھری سے متعلقہ وسائل
- پالتو جانور کی دیکھ بھال
- تین افراد پر مشتمل اہلِ خانہ کے لیے 10 دنوں تک قرنطینہ یعنی شدید علیحدگی/الگ تھلگ رہنے کے لیے کافی مقدار میں ذاتی حفاظتی ساز و سامان کا *اپنا خیال رکھیے گا پلندا* (Take Care Package)۔
- اور مزید بہت کچھ!

وسائل کے کسی تلاش دان سے رابطے کے لیے، **1-212-COVID19 (1-212-268-4319)** پر کال کریں، محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے میں مدد کے لیے 5 (پانچ) دبائیں، اور دیگر وسائل کے لیے 5 (پانچ) دبا کر وائس میل یعنی آپ کی آواز میں ریکارڈ کیا ہوا پیغام دیں۔ وسائل کا کوئی تلاش دان آپ کو واپس کال کرے گا۔ اگر آپ Test and Trace (جانچ اور سراغ) پروگرام کا حصہ ہیں، تو آپ کسی بھی وقت۔ وسائل کے کسی تلاش دان سے بات کرانے کے لیے **کیس انویسٹیگیٹر یعنی معاملے کے تحقیق کنندہ یا مانیٹر یعنی نگران** کو کہہ سکتے ہیں۔

**وسائل کے تلاش دان سے بات کرنے سے آپ کی مستقل رہائش (یا "گرین کارڈ") کے لیے درخواست کرنے کی اہلیت متاثر نہیں ہو گی۔** اس ملک میں اپنی موجودگی کی کیفیت (ایمیگریشن سٹیٹس) کے بارے میں اگر آپ کا کوئی سوال ہو تو پیر سے جمعہ تک، صبح 9.00 بجے سے شام 6.00 بجے تک، ActionNYC کی فوری ٹیلیفون لائن 1-800-354-0365 پر کال کریں اور "public charge" (پبلک چارج) کہیں۔

**شریک تناظیم میں شامل ہیں:** Bronxworks، SoBro، Urban Upbound، Riseboro، JCC of Staten Island، CUNY، Catholic Charities، SCO، اور Korean Community Services، Mekong NYC اور Make the Road NY کے ساتھ شراکت میں Chinese-American Planning Council (CPC)۔

NYC Test & Trace Corps کو رابطے کا سراغ لگانے والوں کے ذریعے جو معلومات ملتیں ہیں، انہیں New York City Health Code (نیو یارک شہر کا ضابطۂ صحت) کے تحت رازداری میں رکھا جاتا ہے اور تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ کارپس کے ڈیٹابیس (database) کو کسی بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے کے ڈیٹابیس کے ساتھ منسلک نہیں کیا جائے گا۔ جو معلومات بھی ہمیں ملیں گیں ان کو NYC Test & Trace Corps محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جائے گا اور صرف مجاز عملہ ہی صحتِ عامہ کو تحفظ فراہم کرنے کے محدود مقاصد کے لیے انہیں استعمال کرے گا۔

Test & Trace Corps | NYC HEALTH+ HOSPITALS

مزید معلومات کے لیے، **testandtrace.nyc** پر جائیں


# COVID-19 سے لڑائی کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں

## جانچ کروائیں





اپنی کیفیت جانیں۔ COVID-19 کی جانچ اپنے لیے بلا خرچ کروائیں۔

## سراغ لگائیں



ہمارے رابطہ کے سراغ لگانے والوں کی کال کا جواب دیں تاکہ اپنی بستی میں COVID-19 کے پھیلاؤ کے تدارک میں ہماری مدد کر سکیں۔

## دیکھ بھال فراہم کریں



دوسروں کے تحفظ کے لیے حفاظت سے علیحدہ ہو جائیں اور ہوٹل یا گھر پر اپنا خیال رکھیں۔

Test & Trace Corps

NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC Test & Trace Corps نے آپ کی ذاتی اور صحت کی معلومات کی رازداری اور تحفظ کی حفاظت کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ہم جو بھی معلومات حاصل کرتے ہیں وہ نیویارک شہر کے ضابطہء صحت کے تحت صیغہ راز میں محفوظ رہتیں ہیں۔ Test & Trace Corps کسی کے بھی ایمیگریشن سٹیٹس (اس ملک میں موجودگی کی کیفیت) کے بارے میں نہیں پوچھیں گے۔